© rasailojaraid.com


کے لکھے ہوئے ہیں۔ انہی مضامین میں ایک مضمون مولوی صاحب کے طرز خط نویسی اور نمونے کے چند خطو
پر مشتمل ہے۔ ان سب مضامین میں مولوی صاحب موصوف کو فراخ حوصلگی سے خراج عقیدت و ارادت
پیش کیا گیا ہے اور ہمیں خوشی ہے کہ اس خود غرض دور زندگی میں بھی ایسے قدر شناس موجود ہیں
اُردو زبان کے پُرانے خدمت گذار کو دل سے ہدیۂ تشکر پیش کرنے میں بخل سے کام نہیں لیتے
پھر چند مقالات اُردو زبان و ادب سے متعلق مختلف عنوانات پر ہیں۔ جن میں "مسئلۂ زبان
ابتدائی تعلیم کی روشنی میں" مولانا عبدالماجد دریابادی "سودا کی شاعری" پروفیسر حامد اللہ افسر۔
"شیخ ناسخ اور اصلاح زبان" مولوی طاہر محسن علوی کاکوروی۔ پُر از معلومات، مفید اور توجہ و شوق
سے پڑھنے کے لائق ہیں۔ اخیر کے دو مفید مضمون "حکمت پا بمرد و جدید" احتشام حسین رضوی
"مزاحیہ نگاری" آلِ احمد سرور بھی خاصے ہیں، مگر اُنہیں تنقیدی نہیں کہا جا سکتا۔ اس مجموعہ میں
مولانا سید سلیمان ندوی کا بھی ایک مقالہ جو اگرچہ پُرانا ہے۔ مگر اُس کی افادیت سے انکار نہیں
ہو سکتا۔ شروع میں آرٹ پیپر پر مولوی عبدالحق صاحب کا ایک فوٹو بھی ہے۔ مجموعی حیثیت سے
یہ نمبر اس لائق ہے کہ اُسے اُردو کا ہر محب اپنے پاس محفوظ رکھے۔

**روحانی علاج** ۔ مرتبہ حکیم حاجی عبدالحمید صاحب دہلوی و حکیم حافظ محمد سعید صاحب دہلوی۔
تقطیع بڑی ضخامت علاوہ فہرست دواخانہ کے ۲۰۰ صفحات طباعت و کتابت اور کاغذ بہتر۔
قیمت ۱۲ر پتہ:۔ ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی۔

اس مرتبہ ہندوستان کے سب سے بڑے طبی رسالہ "ہمدرد صحت" کا خاص نمبر "روحانی
علاج" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ پورا نمبر نو ابواب پر تقسیم ہے۔ پہلا باب "نفسیاتی علاج اور تنویم
تاریخ کی روشنی میں" از اول تا آخر فاضل اڈیٹر کے قلم کا رہین منت ہے اور نہایت محنت و جانفشانی
اور عمیق و وسیع مطالعہ کے بعد مرتب کیا گیا ہے۔ دوسرا باب "تنویم اور مظاہر تنویم" پر ہے۔ اس

© rasailojaraid.com